

بینکا تکافل حل

# آدم جی لائف تکافل آسان زندگی

تقسیم بجانب

فیصل بینک

adamjeefamily
takaful
Window Takaful Operations

## آدم جی لائف تکافل آسان زندگی

زندگی ہمیں اللہ کی طرف سے عطا کردہ ایک تحفہ ہے اور ایسا ہے ایک تحفہ خاندان بھی ہے. ان دونوں کی ہمیشہ قدر کرنی چاہیئے اور ہمیشہ ان کی بہتری کیلئے کام کرنا چاہیئے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ ہم آگے کی منصوبہ بندی کریں تا کہ ہم اپنے اور اپنے خاندان کی مستقبل کو ممکنہ کوششوں کے تحت محفوظ رکھ سکیں اور قبل از وقت سوچ و بچار کر کے غیر یقینی صورت حال میں بہتری لا سکیں. آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے آسان زندگی پلان متعارف کروایا ہے، جو فیصل بینک کے ذریعے تقسیم ہوتا ہے۔ یہ شریعہ ایڈوائزر سے منظور شدہ تکافل پلان ہے جو پیشہ ورانہ طور پر انتظام شدہ شرعی فنڈز میں یونٹ لنکڈ سرمایہ کاری کا موقع فراہم کرتا ہے. اور ساتھ ہی فیملی تکافل بھی فراہم کرتا ہے۔ آدمجی لائف تکافل آسان زندگی پلان آپکو ذہنی سکون مہیا کرتا ہے کیوں کہ یہ آپکے پیاروں کو مالی طور پر خود مختار کرتا ہے۔

نوٹ: یہ ایک فیملی تکافل پروڈکٹ ہے جس کے دو الگ الگ عناصر ہیں یعنی تکافل تحفّظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری کا جز یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) کے ماتحت بنیادی اثاثوں کی کارکردگی سے منسلک ہے۔

### تکافل کیا ہے؟

تکافل عربی زبان کا لفظ ہے جو لفظ "کفالہ" سے اخذ کیا گیا ہے جس کے معنٰی ہیں ضمانت دینا، مدد کرنا اور کسی کی ضروریات کا خیال رکھنا۔ تکافل تعاون (باہمی مدد) اور تبروع (رضاکارانہ زرشمولیت) کے اصول کا ایک نظام ہے جس میں شریک تکافل کی گروپ کی طرف سے مجموعی طور پر وقف کے ذریعے نقصان کو تقسیم کر لیا جاتا ہے جو کہ وقف فنڈ میں اپنے زرشمولیت ادا کرتے ہوئے ان میں سے کسی بھی نوعیت کے نقصان کے لیے مشترکہ طور پر ایک دوسرے کو ضمانت دیتے ہیں۔ تکافل مشترکہ ذمہ داری، بھائی چارے یک جہتی اور باہمی تعاون کی بنیاد پر چلایا جاتا ہے۔

### تکافل ممبرشپ کیسے کام کرتی ہے؟

آدم جی، ونڈو تکافل آپریشنز ماڈل کی بنیاد وکالہ وقف کے اصولوں پر مبنی ہے۔ ہر فرد اس وقف پول میں ایک مشترکہ کے مقصد کے لئے شامل ہوتا ہے۔ اس وقف کو ونڈو تکافل آپریٹر وقف میں شامل ممبران کے مستقبل کے معاشی نقصان کے خلاف تحفظ فراہم کرنے کے لیے چلاتا ہے۔

### فری لک پیریڈ

یہ سرٹیفکیٹ آپ کو 14 دن کا فری لک پیریڈ پیش کرتا ہے جس کے تحت آپ آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز سے رابطہ کر کے اپنا سرٹیفکیٹ منسوخ کرواسکتے ہیں، اور اپنا زرشمولیت واپس حاصل کر سکتے ہیں۔ البتہ آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز کو حق حاصل ہے کہ وہ اس سرٹیفکیٹ کے جاری کرتے وقت فرد کے طبی معائنہ پر ہونے والے اخراجات اس رقم سے منہا کرلے۔

## آدم جی لائف تکافل تعلیم کے فوائد

### پروٹیکشن بینیفٹ

پلان کی مدّت کے دوران شریک تکافل کی وفات کی صورت میں زرشمولیت کی 5 گنا رقم سے جزوی دستبرداری کی رقم (اگر کوئی ہو تو) منہا کرنے کے بعد یکمشت ادا کی جائے گی. اس کے علاوہ مستقبل کی بقایا مدّت کیلئے واجب الادا زرشمولیت جو کہ ابتدائی بنیادی زرشمولیت یا آخری ادا کیے گئے بنیادی زرشمولیت کی رقم کے برابر ہوگی سے ادا کی جائے گی۔

### فیملی تکافل کوریج کا انتخاب

آپ کے پاس یہ اختیار ہے کہ آپ "تحفظ کی مدّت" پر ایک ہی رقم کی زرشمولیت سے فیملی تکافل کے مختلف درجوں میں سے کسی ایک کا انتخاب کر سکیں۔

### سرٹیفکیٹ میچورٹی بینیفٹ

سرٹیفکیٹ کی میعاد کی تکمیل پر شریک تکافل کو اس کی (پی آئی اے) شریک تکافل اکائونٹ ویلیو کے مساوی رقم ادا کی جائے گی۔

## انویسٹمنٹ بوسٹر (ایڈہاک-ٹاپ اپ)؛

کم از کم 10,000 روپے کی ادائیگی کر کے (اپنے مستقل زرِ شمولیت کے علاوہ) آپ انویسٹمنٹ بوسٹر کے ذریعے اپنے سرمائے کی رقم کی افزائش کر سکتے ہیں۔ افزائش کے لیے دی جانے والی رقم جس کی زیادہ سے زیادہ کوئی حد نہیں ہے، اسے شریک تکافل یونٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں 102 فیصد کے حساب سے مختص کی جاتی ہے اور سرٹیفکیٹ کی مدت کے دوران کسی بھی وقت اپنی مجموعی کیش ویلیو میں اضافے کے لیے جمع کرائی جاسکتی ہے اور کسی بھی وقت نکالی بھی جاسکتی ہے۔

## جزوی دستبرداری

یہ سرٹیفکیٹ آپ کو آپ کے شریک تکافل سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) سے جزوی طور پر کیش نکالنے کا اختیار دیتا ہے۔ ایک سرٹیفکیٹ سے سال میں 4 مرتبہ جزوی طور پر کیش نکالا جاسکتا ہے۔ اور یہ دستبرداری کا عمل کم از کم 20,000 روپے اکاؤنٹ میں موجود رکھنے کی شرط کے ساتھ مجموعی نقد دستبرداری کی رقم کے 50 فیصد تک محدود ہے۔ کم از کم نیٹ کیش سرنڈر ویلیو کو آپریٹر وقتاً فوقتاً تبدیل کر سکتا ہے۔

## مہنگائی سے تحفظ انڈیکسیشن (آپشنل)

یہ مہنگائی کے اثر پر قابو پانے والا ایک قابل قدر فیچر ہے۔ آپ کا زرِ شراکت ہر سال پچھلے سال کے زرِ شراکت سے 5 اور 10 فیصد بڑھ جائے گا۔ اس سے آپ کے (پی آئی اے) اکاؤنٹ کی قدر میں بھی اضافہ ہوگا۔

## ماہانہ ادائیگی یا اینیوٹی کا اختیار

تکافل شدہ فرد کے میچورٹی تک حیات ہونے کی صورت میں ماہانہ ادائیگی کا فائدہ (اگر اختیار کیا گیا ہو) دیا جائے گا جس کے تحت منتخب شدہ مدّت جو کہ 20، 15، 10، 5 سال ہو سکتی ہے کیلئے ماہانہ ادائیگی کی جائے گی۔ یونٹ کی سرمایہ کاری اس مدّت تک جاری رکھی جائے گی۔ کم سے کم ماہانہ ادائیگی 5000 روپے ہوگی۔ اگر ادائیگی اس رقم سے کم ہو جائے گی تو ماہانہ ادائیگی ختم ہو جائے گی اور بقایا رقم یکمشت ادا کی جائے گی۔

## سرپلس شیئرنگ

تحفّظ دینے کے ساتھ تکافل شریک تکافل کو سرپلس شیئرنگ کی ایک منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ وقف میں سرپلس (اگر کوئی ہو تو اُس) کا تعین انفرادی شریک تکافل کی بنیاد پر، مقرر کردہ ایکچوری اور شریعہ ایڈوائزر کی منظوری کے مطابق ضروری مالی ذخائر برقرار رکھنے کے بعد مالی سال کے آخر میں کیا جاتا ہے۔ قابل تقسیم سرپلس اہل شریک تکافل کے لئے متعین کردہ طریقہ کار کے تحت شریک تکافل کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں لگایا جائے گا۔

## سرمایہ کاری کے اختیارات - افزائش کا ایک موقعہ۔ (انویسٹمنٹ آپشنز

وہ زرِ شمولیت جو آدم جی لائف تکافل آسان زندگی میں ادا کیا جاتا ہے، اس کی سرمایہ کاری کسی کم رسک والے فنڈ میں کی جاتی ہے۔ اگرچہ آپ خود کسی معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں سرمایہ کاری کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو آپ کی حکمت عملی اور رسک کے موافق ہو۔ منافع رسک کے اخراجات، ماہانہ انتظامی اور سرمایہ کاری انتظام کے اخراجات کی کٹوتی کے بعد ملتا ہے، اور اسے (پی آئی اے) یونٹ اکاؤنٹ میں شامل کر دیا جاتا ہے اور سرٹیفکیٹ ہولڈر کی کیش ویلیو میں جمع کیا جاتا ہے۔

## یونٹ کی قیمتوں کا تعین کرنے کا طریقہ کار:

آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز فارورڈ یونٹ پرائسنگ طریقہ کار استعمال کرتی ہے۔

## ہمارے کم رسک والے فنڈ درج ذیل ہیں:

**تامین فنڈ (آمدنی فنڈ):** کم رسک والا فنڈ جس کا مقصد کارپوریٹ بانڈز اور ایکویٹیز میں کسی سرمایہ کاری کے بغیر شریعہ سے مطابقت رکھنے والے ڈیٹ سیکیورٹیز کی وسیع اقسام بشمول بینک ڈپازٹس، گورنمنٹ سیکیورٹیز وغیرہ میں سرمایہ کاری کے باقاعدہ اور مستحکم منافع پیش کرنا ہے۔

## ہمارے معتدل سے زیادہ رسک والے فنڈ میں شامل ہیں:

**ثمن فنڈ (متوازن فنڈ):** میڈیم رسک والا فنڈ جس کا مقصد شریعت کے مطابق ڈیٹ سیکیوریٹیز، ایکویٹی اور رئیل اسٹیٹ میں سرمایہ کاری کرکے سرمایہ کی قدر میں اضافہ فراہم کرنا ہے۔

**مضاعف فنڈ (جارحانہ فنڈ):** ہائی رسک والا فنڈ جس کا مقصد شریعت کے مطابق ایکویٹیز، ڈیٹ سیکیوریٹیز اور رئیل اسٹیٹ کے وسیع مرکب میں سرمایہ کاری کرکے درمیانی سے طویل مدت میں زیادہ منافع حاصل کرنا ہے۔

## حج پر حادثاتی موت کی مفت کوریج

حج کے دوران حادثاتی موت کی صورت میں 2 ملین روپے کی کوریج دی جائے گی۔ جب تکافل شدہ شخص 65 سال کی عمر کو پہنچ جاتا ہے تو یہ اضافی کوریج ختم کردی جاتی ہے۔

## آپشنل ضمنی معاہدے

اپنے اضافی زرِ شمولیت کی ادائیگی کرکے مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی اختیاری ضمنی فوائد کو منتخب کرکے اپنے تحفظ کو بڑھا سکتے ہیں۔

### شریکِ حیات کے تحفظ کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران شریک تکافل کے شریک حیات کی وفات کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زرِ تکافل واجب الادا ہوگا۔

### لیول ٹرم تکافل کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران تکافل شدہ کی وفات کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زرِ تکافل واجب الادا ہوگا۔

### فوتگی کی صورت میں زرِ شمولیت کی چھوٹ کا ضمنی معاہدہ

تکافل شدہ کی موت کی صورت میں ابتدائی بنیادی زرِ شمولیت ضمنی معاہدے کے تحت باقی ماندہ دورانیے تک تکافل شدہ کی طرف سے آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز ادا کریگا۔

### سنگین بیماریوں سے متعلق ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران اگر فہرست میں سے درج کوئی ایک بیماری کی تشخیص ہوتی ہے تو تکافل شدہ کو اس ضمنی معاہدے کا زرِ تکافل واجب الادا ہوگا۔

### حادثاتی موت اور معذوری پر فوائد کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران حادثاتی موت یا حادثے کی وجہ سے ہونے
والی تکافل شدہ کی مکمّل مستقل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کا زرِ تکافل واجب الادا ہوگا۔ مستقل مکمل / یا جزوی معذوری کی صورت میں ممبر شپ شرائط کے ساتھ منسلک شیڈول کے مطابق زرِ تکافل واجب الادا ہوگا۔

### مکمّل مستقل معذوری کی صورت میں زرِ شمولیت کی چھوٹ کا ضمنی معاہدہ

تکافل شدہ کے مکمّل اور مستقل معذوری کی صورت میں اس ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے تکافل شدہ کی بحالی یا موت تک (جو بھی پہلے واقع ہو) تکافل شدہ کی طرف سے ضمنی معاہدے کے تحت ابتدائی بنیادی زرِ شمولیت آدم جی لائف ونڈو تکافل آپریشنز ادا کریگا۔

### ماہانہ آمدنی کا ضمنی معاہدہ

اس ضمنی معاہدے کے نافذ العمل دورانیے کے دوران تکافل شدہ کی بیماری کی وجہ سے موت یا مکمّل مستقل معذوری لاحق ہونے کی صورت میں ضمنی معاہدے کے باقی ماندہ دورانیے یا بحالی (معذوری کی صورت میں) تک ایک مخصوص ماہانہ رقم واجب الادا ہوگی۔

## ہسپتال کیش بیک کا ضمنی معاہدہ

ممبر شپ والے سال زخمی یا بیمار ہونے کی وجہ سے ہسپتال میں زیر علاج رہنے پر یومیہ کش بینیفٹ ۱۲۰ دن تک ادا کیا جائے گا. آسی یو میں زیر علاج ہونے کی صورت میں دوگنا یومیہ کش بینیفٹ دیا جائے گا۔ آئی سی یو کا ایک دن ہسپتال کے ۲ دن کے برابر تصوّر کیا جایگا. زیر علاج دیے گیے بینفٹس مسلسل ۳۰ دن تک محیط ہونگے. تکافل شدہ فرد اضافی زر شمولیت ادا کر کے اپنے بیوی اور بچوں کو بھی اس ضمنی معاہدہ شامل کر سکتا ہے۔

## کنٹری بیوشن کی تخصیص اور وکالۃ الاستثمار فیس کی ترتیب

| ممبر شپ سال | پی آئی اے اکاؤنٹ کو مختص کئے جانے والے بنیادی کنٹری بیوشن کا فیصد | وکالۃ الاستثمار فیس پر کنٹری بیوشن کی قدر کا فیصد |
|---|---|---|
| پہلے سال | 60 | 40 |
| دوسرے سال | 80 | 20 |
| تیسرے سال | 90 | 10 |
| چوتھے سال سے | 100 | کوئی نہیں |

بنیادی منصوبہ کے رسک کے کنٹریبوشن کٹوتی سے پہلے *

نوٹ: زر شمولیت کی 100 فیصد تخصیص صرف اسی صورت ہو گی کہ سرٹیفیکٹ کی میعاد میں کوئی جزوی دستبرداری نہ کی گئی ہو۔ زر شمولیت کی 100 فیصد تخصیص (جو کہ چھٹے سال سے دسویں سال تک 3 فیصد اور گیارہوں سال سے 5 فیصد) ابتدائی بنیادی زر شمولیت پر لاگو ہوگی۔ لہذا، اگر تخصیص کے وقت ابتدائی کنٹری بیوشن ابتدائی بنیادی کنٹری بیوشن سے کم ہو تو کم تر بنیادی زر شمولیت پر 100 فیصد تخصیص لاگو ہوگی۔

## چارجز

**ممبر شپ:** کوئی نہیں

**فنڈ کے انتظامی اخراجات:** ماہانہ کٹوتی کی بنیاد پر پی آئی اے سے کیش ویلیو کا 1.75٪ سالانہ

**وکالۃ الاستثمار فیس:** پہلے سال: 40 فیصد، دوسرے سال: 20 فیصد، تیسرے سال: 10 فیصد
چوتھے سال سے: 0 فیصد

**بڈ / آفر اسپریڈ:** یونٹ اکاؤنٹ میں مختص کئے تمام زر شمولیت کا 5 فیصد

**تکافل زر شمولیت:** حاصل شدہ عمر رسک پروفائل اور صافی زر تکافل کے حساب سے ماہانہ حصّہ پی آے یونٹ اکاؤنٹ سے پی ٹی ایف (وقف) میں منتقل ہوتے ہیں. بنیادی ممبر شپ کے تکافل زرِ شمولیت کا ٪35 حصہ اور اضافی فوائد کی صورت میں تکافل زرِ شمولیت کا ٪45 حصہ آپریٹرز سب فنڈ میں بطور پی ٹی ایف مینجمنٹ فیس ادا کیا جائیگا۔

**دستبرداری اور جزوی کیش نکالنے کی فیس:** مندرجہ بالا سرنڈر چارجز کے علاوہ، کسی بھی وقت جزوی دستبرداری یا سرنڈر کرنے پر 500 روپے کی فلیٹ سرنڈر پروسیسنگ فیس لاگو ہوتی ہے۔

**فنڈ منتقلی فیس:** ایک سرٹیفکیٹ سال میں پہلے دو فنڈ منتقل کرنا مفت ہیں۔ اگلے تمام ٹرانسفر زیر مذکورہ سال میں 300 روپے لاگو ہوگی۔

**مضارب کا حصہ:** وقف سرمائے کے منافع کا 30 فیصد سالانہ

## سرٹیفکیٹ کے شرائط اور اہلیت

| اندراج کے لیے کم سے کم عمر | اندراج کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر | کم از کم سرٹیفکیٹ کا عرصہ |
|---|---|---|
| 18 سال | 60 سال | 10 سال |
| کم از کم کنٹری بیوشن ادائیگی کا عرصہ | زیادہ سے زیادہ سرٹیفکیٹ کا عرصہ | زیادہ سے زیادہ کنٹری بیوشن ادائیگی کا عرصہ |
| 10 سال | 25 سال یا مکمّل سال کی عمر تک جو پہلے 70 آجائے | ممبر شپ ٹرم کے برابر |

## بنیادی زرِ شمولیت کی ادائیگی کا طریقہ کار

| طریقہ | کم از کم زرِ شمولیت | |
|---|---|---|
| سالانہ | -/20,000 روپے | |
| ششماہی | -/15,000 روپے | (-/30,000 روپے سالانہ) |
| سہ ماہی | -/10,000 روپے | (-/40,000 روپے سالانہ) |
| ماہانہ | -/5,000 روپے | (-/60,000 روپے سالانہ) |

## انتباہ

- یہ پروڈکٹ آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی ہے۔ بینک یا اس سے الحاق ادارے اس کی کوئی ضمانت نہیں لیتے اور نہ ہی یہ بینک کی پروڈکٹ ہے۔

- بینک ایک ایجنٹ کے طور پر آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے یہ سہولت فراہم کررہا ہے اور کسی بھی معاملے یا شریک تکافل کو یا اس کے بینیفشری یا تیسرے فریق سے متعلق کسی قسم کا ذمہ دار نہیں ہے۔

- یہ فیملی تکافل پروڈکٹ یونٹ سے جڑا ایک شریعت کے مطابق پلان ہے جس کی سرمایہ کاری پر خطر بھی ہوسکتی ہے اور یونٹ فنڈ کی کارکردگی پلان کی ابتدائی سرمایہ کاری پر براہ راست اثر انداز ہوسکتی ہے۔

- تمام آدم جی لائف تکافل آسان زندگی درخواستوں پر عمل درآمد اور منظوری آدم جی لائف اشورنس کمپنی لمیٹڈ، ونڈو تکافل آپریشنز کی طرف سے ان کے متعلقہ قوانین کے تحت ہوتی ہے۔ بینک کسی بھی طرح سے درخواست کے عمل درآمد اور تصدیق کا ذمہ دار نہیں ہے۔

- یہ بروشر ممبرشپ کے تحت ملنے والے فوائد کا صرف تعارف فراہم کررہا ہے۔ تفصیلی معلومات کہ یہ سرٹیفکیٹ کام کس طرح کرتا ہے اس کے لیے "شریک تکافل کی ممبرشپ دستاویزات(PMD) سرٹیفکیٹ جاری ہونے کے بعد جاری کئے جاتے ہیں۔

- یہ ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل کی کارکردگی کے لئے ایک مثال ہو۔ مستقبل کے بارے میں کی جانے والی کسی بھی پیشگوئی فنڈ کی ممکنہ کارکردگی کا اشارہ نہیں دیتی ہیں اور نہ ہی آدم جی لائف، ونڈو تکافل آپریشنز اور نہ ہی بینک اس کا ذمہ دار ہوگا۔

- ہمارے سیلز کے نمائندے آپ کو فوائد کے متعلق وضع کردہ خاکہ / السٹریشن فراہم کریں گے۔ مختلف شرائط وضوابط کی مکمل سمجھ بوجھ کے لیے خاکہ / السٹریشن میں دیئے گئے نوٹس ملاحظہ کریں۔ وہ رقم صرف سمجھانے کے مقاصد کے لیے ہے، رقم اوپر اور نیچے بھی کی ہے تکافل آپریٹر اس کی ذمہ دار نہیں ہے۔

# برانچ نیٹ ورک

## سندھ

گھوٹکی، حیدر آباد، کندھ کوٹ، کراچی، لاڑکانہ، کوئٹہ، شہدادکوٹ، سکھر

## پنجاب

احمد پور ایسٹ، عارف والا، بہاولپور، بوریوالا، چشتیاں، چیچہ وطنی، ڈسکہ، ڈیرہ غازی خان، فیصل آباد، گجر خان، گوجرانوالہ، گجرات، ہارون آباد، جہلم، خانیوال، لاہور، منڈی بہاؤالدین، ملتان، اوکاڑہ، پاک پتن، پتوکی، ربوا چناب نگر، رحیم یار خان، رنالہ خرد، راولپنڈی، صادق آباد، ساہیوال، سرگودھا، سیالکوٹ، وہاڑی

## خیبر پختون خواہ

پشاور

## وفاقی دارالحکومت

اسلام آباد

## آزاد جموں اور کشمیر

میرپور

## رجسٹرڈ آفس

فیصل ہاؤس

ST-02، شاہراہِ فیصل

کراچی، پاکستان

For Details, please visit
faysalbank.com/en/islamic/ | 021 111 06 06 06

faysalbankislamicbanking faysalbankltd faysalbanklimited